14/03/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سیدتجمل اندرابی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈلائینز

*........وزیر داخلہ امت شاہ نے Dergaon آسام میں جدید طرز کی پولیس اکیڈیمی کا کیا افتتاح۔

*........ مختلف محکموں کے مطالبات زر قانون ساز اسمبلی میں پاس ۔

*........" چنار ڈے" کے موقعے پران اہم درختوں کو تحفظ دینے نیز نئے چنار بوٹے لگانے کا دُہرایا گیا عزم۔

اور

*........ وزیر اعظم نریندرمو دی30 مارچ کو من کی بات پروگرام کے ذریعے کریں گے اپنے خیالات کا اظہار۔

امت شاہ

آسام میں جدید طرز کی لچت برپھوکن پولیس اکیڈیمی کا افتتاح کرنے کے Dergaon وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ساتھ ساتھ وہاں پولیس اکیڈیمی کے کئی ہاؤسنگ پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی سربراہی میں آسام تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور وہاں امن بھی لوٹ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی سرکار ریاست میں بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کےلئے تین لاکھ کروڑ روپے فراہم کرے گی۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ حکومت جمونوکشمیر کے تمام علاقوں میں لوگوں کو معیاری سڑک رابطہ بہم کرنے کی وعدہ بند ہے۔ آج ایوان میں مطالبات زر پر ہوئی بحث کو سمیٹتے ہوئے انہوں نے کہا PWDکہ محکمہ اس وقت40ہزار کلو میٹر روڈ نیٹ ورک کا رکھ رکھاؤ کر رہا ہے۔ اس موقعے پر مختلف محکموں کے مطالبات زر بھی پاس کئے گئے ۔

اسمبلی

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے آج قانون ساز اسمبلی میں جا وید ریاض کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جمونو کشمیر کے تمام ڈگری کالجوں میں پہلے ہی قومی تعلیمی پالیسی2020 عملائی گئی ہے۔

وزیر موصوفہ نے مشتاق احمد گورو کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت صحت سے متعلق نیا بنیادی ڈھانچہ کھڑا کرنے کے بجائے پہلے سے موجود طبی اداروں کے کام کاج میں بہتری لانے کی طرف توجہ دے رہی ہے۔

پیر زادہ محمد سید کے سوال کا جواب دیتے ہوئے سکینہ ایتو نے کہا کہ اننت ناگ ضلعے کے انزوالا گاؤں کےلئے PHC منظور نہیں کیا گیا ہے۔

سکینہ ایتو نے ایوان میں میر محمد فیاض، کلدیپ راج دھوبے اور سجاد شاہین کی طرف سے پوچھے گئے سوالات کا بھی جواب دیا۔

زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے بدلے میر سیف اللہ کے سوال کاجواب دیتے ہوئے کہا کہ کپوارہ ضلع کے کیرن علاقے میں سیاحت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کےلئے 94لاکھ روپے صرف کئے جا رہے ہیں۔

وزیر موصوف نے وزیر اعلیٰ کے بدلے مبارک گل کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ پچھلے چار برسوں کے دوران جموںو کشمیر میں روزگار کی مختلف سکیموں کے تحت نو لاکھ58ہزار روزگار کے مواقعے پیدا کئے گئے۔

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے ایڈوکیٹ وجے کمار کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت جموںو کشمیر کے تمام علاقوں میں پبلک ٹرانسپورٹ سروسز کو دوام بخشنے کی وعدہ بند ہے۔

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے فاروق احمد شاہ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ سرینگر میں دریائے جہلم کی پانی سمانے کی صلاحیت41ہزار کیوسک تک بڑھا دی گئی ہے۔

وزیر موصوف نے شکتی راج پریہار کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ڈوڈہ میں کاستی گڈھ کنال کے رکھ رکھاؤ کےلئے پچھلے دو برسوں کے دوران ایک کروڑ 60لاکھ روپے واگذار کئے گئے۔

وقفہ صفر

دریں اثناءوقفہ سفر کے دوران آج ایوان میں کئی ارکان نے عوامی نو عیت کے معاملات اُجاگر کئے اور یہ مسائل حل کرانے میں متعلقہ وزراءکی مداخلت طلب کی۔ ان ارکان میں ڈاکٹر نریندر سنگھ رینہ، ڈاکٹر بھرت بھوشن ، سجاد شاہین، جا وید مرچال، قیصر جمشید لون، غلام احمد میر، ڈاکٹر بشیراحمد ویری اور شمیمہ فردوس شامل ہیں۔

اسپیکر

قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر کی صدارت میں آج جموں میں بزنس ایڈوائزری کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ میں اسمبلی میں حزب اختلاف لیڈر سنیل کمار شرما ، علی محمد ساگر ، مبارک گل ،محمد یوسف تاریگامی ، غلام احمد میر، میر محمد فیاض اور چودھری محمدا کرم نے شرکت کی۔

جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے آج ہیرا نگر کھٹوعہ میں شہید این کے وکیل سنگھ جسٹرویہ کے نام سے منسوب گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کا افتتاح کیا۔

چنار ڈے

آج چنار ڈے منایا گیا ۔ اس دن کا بنیادی مقصد جمونو کشمیر میں پہلے سے ہی موجود چنار کے درختوں کو تحفظ دینے نیز نئے چنار پودوں کی شجر کا ری کرنے سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے۔ چنار کو ہمارے حیاتیاتی تنوع میں ایک کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ چنار ڈے کے موقعے پر آج دیہی ترقی کے وزیر جا وید رانا نے سیول سیکریٹریٹ جموں میں چنار کا ایک پودا لگا کر شجر کا ری کی ایک مہم کا آغاز کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ چنار پودا یہاں کی خوبصورتی کو چار چاند لگاتا ہے۔ چنار کی اہمیت کے تعلق سے وادی کے ایک معروف مزاح نگار اور سماجی کارکن ظریف احمد ظریف نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے وادی کے ایک معروف گلوکار وحید جیلانی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا

رمضان

فیوض و برکات سے مالا مال رمضان المبارک کے عشرہ مغفرت کا آج چوتھا دن ہے ۔ روزے ظاہری عبادت کے ساتھ ساتھ باطنی عبادت کا بھی ایک اہم ذریعہ ہیں۔ روزوں کی بدولت انسان کے اندرون اور بیرون دونوں پر مثبت اثرات مرتب ہو تے ہیں۔ دل کی پاکیزگی کو یقینی بنانے میں روزوں کی اہمیت کے حوالے سے شیخ الحدیث اور معروف عالم دین قاضی محمد عمران شاہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا ۔

عالمی دن

آج صارفین کے حقوق کا عالمی دن ہے۔ یہ دن منانے کا بنیادی مقصد صارفین کے حقوق کو تحفظ دینا اور اُن کو مختلف سہولیات دستیاب کر کے انہیں با اختیار بنانا ہے۔ اس دن کی اہمیت کے تعلق سے جب ہم نے خوراک سیول سپلائیز اور امور صارفین محکمے کے تحت کام کر رہے کنٹرولر میٹرولوجی انورادھا گپتا کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

دن

آج Islamophobia کو دور کرنے کا بین الاقوامی دن ہے۔ اسلامو فوبیہ در اصل انسان کی طرف سے تیار کیا گیا ایسا تصور ہے جس کے تحت اسلام اور مسلمانوں کے خلاف منفی تاثر پیدا کیا جاتا ہے۔ مختلف حکومتوں کی طرف سے اسلامو فوبیہ کو دور کرنے کےلئے متعدد اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس حوالے سے جب ہم نے سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر مینریلجس سٹیڈیز شعبے کے سینئر اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد زرگر کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلیکشن نیوز آن

ریشم

سینٹرل سریکلچر ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹی چیوٹ پانپور میں آج ایک روزہ ریشم کرشی میلے کا انعقاد کیا گیا ۔ اس میلے میں کا فی تعداد میں کسانوں نے شرکت کی اور انہیں غنچہ آبریشم صنعت سے متعلق جانکاری فراہم کی گئی۔ اس میلے کی افادیت کے تعلق سے ڈائریکٹر سریکلچر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اعجاز احمد بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی30مارچ کوآکاشوانی پر من کی بات پروگرام کے 120ویں شمارے کے دوران ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ لوگ ٹول فری نمبر1800-11-7800کے ذریعے اوپن فورم کے MyGOV پروگرام کےلئے اپنی رائے اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ لوگ نریندر مودی ایپ یا ذریعے آن لائن بھی اپنی رائے بھیج سکتے ہیں۔

فروٹ

کشمیر ویلی فروٹ گروورس اور ڈیلرس یونین نے وزیراعظم نریندر مو دی کے نام ایک مکتوب لکھ کر مطالبہ کیا ہے کہ کشمیری میوہ صنعت کو تحفظ دینے کےلئے دیگر ممالک سے در آمد ہونے والے سیبوں پر پا بندی عائد کی جانی چاہئے۔ اس سلسلے مینکشمیرویلی فروٹ گروورس اینڈ ڈیلرس یونین کے چیرمین بشیر احمد بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

چیف جسٹس

جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس تاشی ربستان نے آج ضلع کورٹ کمپلیکس اننت ناگ کا دورہ کر کے وہاں عدلیہ کے بنیادی ڈھانچے کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ بار ایسو سی ایشن کے ممبران کے ساتھ بھی بات چیت کی۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ وکلاءکےلئے عدالتوں میں ہر طرح کی سہولیات بہم کرائی جائیں گی۔

کے اہتمام MSME کونسل آف سینٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کے تحت انڈین انسٹی آف انٹاگریٹو میڈسن جموں نے سرینگر میں سات روزہ ایڈوانسڈ انٹر پرنیور شپ سکل ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا۔ افتتاحی تقریب IIIM سے آج پر ادارے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر زبیر احمد کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے کہا ہے کہ چناؤ منشور میں کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا اور عارضی ملازمین کی مستقلی کےلئے کمیٹی کے اعلان سے اس عمل کی شروعات ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار دلانے کی طرف بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

بی جے پی جمونو کشمیر کے ایک سینئر لیڈر پون شرما نے سماج میں منشیات جیسے بڑھتے بدعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ منشیات سے نوجوانوں کا مستقبل تاریک بن رہا ہے ۔ انہوں نے اس بدعت پر قابوپانے کےلئے جامع کوششیں کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے آج صنعت گھر بمنہ میں ایک میٹنگ کے دوران روز گار کے مختلف پروگراموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

پولیس

پولیس نے سونہ مرگ اور گنڈ میں برف باری کی وجہ سے پھنسے سیاحوں اور مقامی لوگوںکی مدد کی ۔

پولیس کی طرف سے آج خانصاحب بڈگام میں نئے فوجداری قوانین سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقادکیا گیا۔

منشیات کے خلاف کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے فُرہ ریلوے برج کے نزدیک شاہد منظور نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔

ونٹر گیمز

فوج کی طرف سے منعقد کئے گئے چنار اوپن ونٹر گیمز2025آ ج گلمرگ میں اختتام پذیرہوئے۔ان کھیلونمینکل 634کھلاڑیوں نے شرکت کی۔

بارش

وادی میں اگر چہ پچھلے دو ایک روز سے ہلکی بارشوں کا سلسلہ جا ری ہے تاہم کل رات سے اس سلسلے میں تیزی آئی۔ شہر سرینگر سمیت وادی کے دیگر علاقوں میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشیں جبکہ بالائی علاقوں میں اچھی خاصی برف ریکارڈ کی گئی۔ بارشوں کی وجہ سے شہر سرینگر کی مختلف سڑکوں اور چوراہوں پر پانی جمع ہوا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو عبور و مرور میں دقتیں پیش آرہی ہیں۔

سرینگر جموں قومی شاہراہ پر شدید بارشوں اور کئی مقامات پر پسیاں گر آنے کے با وجود آج گاڑیوں کی آمد و رفت کے لئے کھلی رہی۔

کپواڑہ

ہمارے نمائندے نے کپواڑہ سے خبر دی ہے کہبھاری برفباری کے چلتے انتظامیہ نے چوکی بل۔ٹنگڈار، کیرن اور مژھل سڑکوں کو آمد ورفت کےلئے بند کر دیا ہے۔ نیز مژھل ، کیرن، بُڈ نمبل، کمکڑی، جمگنڈ اور کرناہ کے بالائی علاقوں میں تمام تعلیمی ادارے17مارچ تک بند کر دیئے گئے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یابرفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 5اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ3ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل اختتام سحری صبح5بجکر18منٹ پر

جبکہ افطاری کا وقت شام6بجکر42منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

.......................

..............................................................

........................................

...................